# 11-04-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ تلنگانہ میں لوک سبھا کی باقی تین نشستوں کیلئے کانگریس کے امیدواروں کو قطعیت دینے کے عمل کے حصہ کے طور پر چیف منسٹر ریونت ریڈی دلی روانہ ہوئے۔

☆ ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور سیکولرازم کے تحفظ کی پابند ہے۔

☆ ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی تلنگانہ میں آئندہ دس سال تک برسر اقتدار رہے گی۔

☆ ریاست بھر میں آج مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ عیدالفطر منائی گئی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے دفتر موسمیات کی رپورٹ کے مطابق تلنگانہ میں اکا دکا مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔آئندہ تین دن تک یہ سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، سنگاریڈی اور کاماریڈی اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست بھر میں آج مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ عیدالفطر منائی گئی۔حیدرآباد اور ریاست کے دیگر علاقوں میں مساجد، عیدگاہوں اور دیگر کھلے میدانوں میں نماز عید ادا کی گئی۔صبح سے ہی مساجد پر عوام کی کثیر تعداد دیکھائی دی جن میں بچے بھی شامل تھے۔تاریخی چارمینار کے قریب مکہ مسجد میں ہزاروں افراد نے نماز عید ادا کی۔نماز کے بعد لوگوں نے ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دی۔تاریخی عیدگاہ میر عالم پر بھی مسلمانوں کی ایک بھاری تعداد نے نماز عیدالفطر ادا کی۔شہروں اور قصبوں میں جشن کا سا ماحول دکھائی دیا۔عید کے موقع پر نئے اور بہترین ملبوسات زیب تن کئے ہوئے لوگ دکھائی دیئے۔کئی مقامات پر لوگوں نے غرباء کو صدقات اور خیرات ادا کی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی تلنگانہ میں آئندہ دس سال تک برسر اقتدار رہے گی۔انہوں نے آج نلگنڈہ میں عیدالفطر کی تقاریب میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی میں گروپ بندی نہیں ہے۔انہوں نے بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ ذاتوں اور مذاہب کے درمیان تنازعات پیدا کرتے ہوئے سیاسی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آنے والے پارلیمانی انتخابات میں بی آر ایس ایک بھی نشست نہیں جیتے گی۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری ورکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ تمام سروے یہ بتاتے ہیں کہ آنے والے انتخابات میں بی جے پی کامیابی حاصل کرے گی۔انہوں نے کریم نگر پارلیمانی حلقہ میں پارٹی کے منڈل صدور اور انچارج کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ وہ اس مہینہ کی 21 تاریخ کو بی جے پی کے امیدوار کی حیثیت سے نامزدگی داخل کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کریم نگر کے عوام جانتے ہیں کہ حلقہ میں انہوں نے کونسے ترقیاتی کام انجام دیئے ہیں۔مہاتما جیوتی باپھولے کے یوم پیدائش کے موقع پر انہوں نے ستاواہانا یونیورسٹی کے قریب پھولے کے مجسمہ کو پھول پہنایا۔اس موقع پر کریم نگر اور راجنا سرسلہ اضلاع کے بی جے پی قائدین کشن ریڈی، پرتاب رام کرشنا اور رانی رودراماں دیوی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں انفوسمنٹ حکام نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر چونتیس لاکھ انچالیس ہزار روپئے نقد ضبط کئے ہیں۔حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ الکٹورل آفیسر اور جی ایچ ایم سی کمشنر رونالڈ روس نے بتایا کہ حکام نے چھپن ہزار روپئے مالیت کی دیگر اشیاء اور پچاس لیٹر شراب بھی ضبط کی۔انتخابی شیڈول کے اعلان کے بعد سے اب تک انفوسمنٹ ایجنسیوں نے تیرہ کروڑ اکتیس لاکھ روپئے نقد اور ایک کروڑ ستیاسی لاکھ روپئے مالیت کی اشیاء ضبط کی ہیں۔حکام نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ایک سو چوالیس مقدمات بھی درج کیئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر جنگلات و ماحولیات کونڈا اسریکھا نے کہا ہے کہ ماہ رمضان کے دوران امن، بھائی چارہ، آپسی میل جول، سخاوت جیسی خوبیوں کی تعلیم دی گئی ہے۔انہوں نے عیدالفطر کے موقع پر ورنگل پارلیمانی حلقہ کی امیدوار کڑیم کاویا اور رکن اسمبلی نائنی راجندر ریڈی کے ساتھ مل کر خصوصی اجتماع میں شرکت کی۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ عیدالفطر ایک ایسا موقع ہے جب کسی بھی بھید بھاؤ کے بغیر لوگ مل جل کر خوشیاں مناتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی کانگریس حکومت فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور سیکولرازم کے تحفظ کی پابند ہے۔

☆☆☆☆☆

گریٹر ورنگل میونسپل کارپوریشن میں صفائی کرم چاری آج سے آدھا دن کام کریں گے۔بلدیہ کی کمشنر اشوینی تاناجی واکڑے نے یہ بات بتائی۔موسم گرما کے دوران درجہ حرارت میں اضافہ کے پیش نظر ملازمین کی صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔صفائی کی خدمات انجام دینے والے ملازمین صبح پانچ بجے سے دوپہر ایک بجے تک کام کریں گے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ لو سے ملازمین کے بچاؤ کیلئے احتیاطی اقدامات کریں۔انہیں او آر ایس پاکٹ بھی فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

کاماریڈی ضلع کے ایڈیشنل کلکٹر چندراموہن نے کہا ہے کہ رائس میلوں کے مالکین کو چاہیئے کہ وہ میلنگ کے نشانہ کے مطابق روزانہ میلنگ کا کام انجام دیں۔انہوں نے آج ضلع میں چند رائس میلس کا معائنہ کیا۔انہوں نے روزانہ کی جارہی میلنگ کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر نشانہ کے مطابق میلنگ نہیں کی گئی تو کاروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

پدا پلی کے رکن اسمبلی چنتا کنٹہ وجئے رمنا راؤ نے ایک مہینہ کے روزوں کے بعد منائی گئی عیدالفطر تقاریب میں حصہ لیا۔انہوں نے کہا کہ ہم کو اپنے ارکان خاندان کے ساتھ خوشی کے ماحول میں یہ عید منانی چاہیئے۔انہوں نے پدا پلی ٹاؤن میں نماز عید کے اجتماع میں شرکت کی۔رکن اسمبلی نے کہا کہ تلنگانہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ رمضان کے مہینہ میں روزوں کے ذریعہ روحانیت حاصل ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مہینہ میں محبت، امن، ہمدردیاں، بھائی چارے اور غم وگساری کے جذبہ کو فروغ ملا۔اس موقع پر مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیتیں موجود تھیں۔

☆☆☆☆☆

مہاتما جیوتی با پھولے کی یوم پیدائش تقاریب آج ملک بھر میں منائی گئیں۔وزیراعظم نریندر مودی نے مہاتما پھولے کو خراج عقیدت پیش کیا۔ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ مہاتما پھولے ایک سماجی مصلح تھے جنہوں نے اپنی زندگی ناانصافی کے خلاف لڑائی اور مساوات کو فروغ دینے کیلئے وقف کردی۔وزیراعظم نے کہا کہ مہاتما پھولے کے خیالات سے کروڑوں لوگوں کو نئی طاقت ملتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم اور خواتین کو بااختیار بنانے کے شعبہ میں مہاتما پھولے کی انتھک کوششوں نے سماج پر اپنے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کا یوم پیدائش غرباء اور پچھڑے ہوئے لوگوں کو بااختیار بنانے کے ان کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے عزم کے اظہار کا موقع ہے۔

☆☆☆☆☆

نرمل ضلع کے سری رام ساگر پراجکٹ سے پانی چھوڑنے کا سلسلہ آج دوبارہ شروع ہوا۔اس پراجکٹ سے چند دن قبل پانی کی سربراہی روک دی گئی تھی۔کسانوں نے پانی کی سربراہی روکے جانے سے فصلوں کے نقصان پر تشویش کا اظہار کیا تھا۔اس کو دیکھتے ہوئے نرمل کے ایم ایل اے مہیشور ریڈی اور خانہ پور کے ایم ایل اے ویدم بھوجو نے یہ معاملات حکومت کے علم میں لایا۔اس کے بعد عہدیداروں نے آج سے پراجکٹ سے پانی کی سربراہی دوبارہ شرع کردی۔

☆☆☆☆☆

نلگنڈہ کی ضلع کلکٹر داسری ہری چندنا نے کہا ہے کہ عظیم شخصیات کے نقش قدم پر چلنا ہی ان کیلئے حقیقی خراج ہے۔مہاتما جیوتی با پھولے کی 198 ویں یوم پیدائش تقاریب آج نلگنڈہ ضلع میں منعقد کی گئیں۔کلکٹر نے ان تقاریب میں ریٹائرڈ آئی اے ایس عہدیدار چولیٹی پربھاکر کے ساتھ مل کر شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومت تلنگانہ کے مشیر محمد علی شبیر کی قیام گاہ پر آج چیف منسٹر اے ریونت ریڈی کے بشمول کئی اہم شخصیتیں عیدالفطر کے موقع پر جمع ہوئیں۔زندگی کے مختلف شعبہ سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیتوں نے عیدالفطر کے موقع پر مبارک باد دی۔ان میں اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرسادکمار، ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرما آرکا، وزراء پی سرینواس ریڈی، ڈی سریدھر بابو، پونم پربھاکر اور اے آئی سی سی کی تلنگانہ انچارج دیپاداس منشی شامل تھے۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عیدالفطر کے موقع پر عوام کو مبارک باد دی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں لوک سبھا کی باقی نشستوں کیلئے کانگریس کے امیدواروں کو قطعیت دینے کے عمل کے حصہ کے طور پر چیف منسٹر ریونت ریڈی دلی روانہ ہوئے۔وہ آج شام ایک ٹی وی شو میں شرکت کریں گے۔امکان ہے کہ کریم نگر، کھمم اور حیدرآباد کی نشستوں کیلئے امیدواروں کے انتخاب کے سلسلہ میں پارٹی کے مرکزی قائدین کے ساتھ مشاورت کریں گے۔

☆☆☆☆☆

میدک کے ضلع کلکٹر راہول راج نے کہا ہے کہ مہاتما جیوتی با پھولے نے سماج کو تعلیم یافتہ بنانے میں اہم رول ادا کیا۔انہوں نے میدک ضلع ہیڈکوارٹر پر جیوتی با پھولے جینتی تقاریب میں شرکت کی۔کلکٹر نے کہا کہ پھولے نے ہی لڑکیوں کی تعلیم کو فروغ دیا اور اس سلسلے میں عملی اقدامات شروع کئے۔کلکٹر نے کہا کہ پھولے نے سماج کے تمام طبقات کو مساویانہ حقوق کی فراہمی میں اہم رول ادا کیا۔

☆☆☆☆☆